## سوال

(361) نصف سال چرنے والے جانوروں پر زکوۃ کا مسئلہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاان مویشیوں میں بھی زکوۃ واجب ہے جو نصف سال تک گھاس چرتے ہوں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وہ مویشی جو پورا نصف سال گھاس چرتے رہے ہوں، ان میں زکوۃ نہیں ہے کیونکہ مویشیوں میں زکوۃ اس وقت واجب ہوتی ہے جب وہ ایک سال مکمل یا سال سے زائد عرصے تک گھاس چرتے رہے ہوں اور جو سال کا کچھ حصہ یا نصف سال تک چرتے رہے ہوں تو ان میں زکوۃ نہیں ہے الا یہ کہ وہ تجارت کے لیے ہوں تو ان کے لیے سامان کی زکوۃ کا حکم ہوگا اور اگر وہ سامان تجارت ہیں، تو ہر سال ان کی قیمت کا اندازہ لگایا جائے گا اور پھر ان کی کل مالیت کی ڈھائی فی صد کے حساب سے زکوۃ ادا کی جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ ارکان اسلام

## عقائد کے مسائل : صفحہ351

محدث فتویٰ